# TAHAFFUZ

An in-house magazine of State Life Insurance Corporation of Pakistan (Only for Marketing Force)

اسٹیٹ لائف کی بیمہ پالیسی۔ ایک تابندہ روایت نسل در نسل

STATE LIFE
INSURANCE CORPORATION OF PAKISTAN

August 2017

# Regional Chiefs

## Zonal Heads Conference 2017




Event of the year

STATE LIFE CONVENTION 2017

Bhurban 17-20 September



(اے پیغمبران سے کہو) ''ذرا مجھے بتاؤ کہ اگر خدا تمہاری سننے کی طاقت اور تمہاری آنکھیں تم سے چھین لے اور تمہارے دلوں پر مہر لگادے تو خدا کے سوا کونسا معبود ہے جو یہ چیزیں تمہیں لاکر دیدے؟'' دیکھو ہم کیسے مختلف طریقوں سے دلائل بیان کرتے ہیں، پھر بھی یہ لوگ منہ پھیر لیتے ہیں۔ کہو ''ذرا یہ بتاؤ کہ خدا کا عذاب تمہارے پاس اچانک آئے یا اعلان کرکے، دونوں صورتوں میں کیا ظالموں کے سوا کسی اور کو ہلاک کیا جائے گا؟''


(سورۃ الانعام آیت 46 تا 47)

## فرمانِ الٰہی



سیدنا ابو ہریرہؓ سے روایت ہے کہ رسول اکرمؐ نے فرمایا کہ ایک شخص کسی راستے پر چلا جا رہا تھا کہ اس نے راستے میں کانٹوں کی ایک شاخ (پڑی ہوئی) دیکھی تو اس نے اس کو ہٹا دیا۔ پس خدا تعالیٰ نے اس کا ثواب اسے یہ دیا کہ اسے بخش دیا۔ پھر آپؐ نے فرمایا کہ شہید پانچ لوگ ہیں، جو طاعون میں مرے اور جو پیٹ کے مرض میں مرے اور جو ڈوب کر مرے اور جو (دیوار وغیرہ کے نیچے) دب کر مرے اور جو راہ خدا میں شہید ہو۔ (صحیح بخاری، کتاب الاذان)

## فرمان رسولؐ



حکومت کے سامنے صرف ایک ہی مقصد ہوسکتا ہے، عوام کی بے لوث خدمت، ان کی فلاح و بہبود کے لئے مناسب تدبیریں اختیار کرنا، اس کے سوا برسراقتدار حکومت کا مقصد اور کیا ہوسکتا ہے؟

(جلسہ عام ڈھاکہ 21 مارچ 1948)

## قائداعظمؒ نے فرمایا



تیرے شیشے میں مے باقی نہیں ہے
بتا کیا تو مرا ساقی نہیں ہے
سمندر سے ملے پیاسے کو شبنم
بخیلی ہے یہ رزّاقی نہیں ہے

(بال جبریل)

## فرمودۂ اقبالؒ

خیال وافکار

# لگن سچی ہوتو کامیابی یقینی ہوتی ہے

الیکشن میں کم ووٹ پڑنے سے ہار تو ہو جاتی ہے......مگر مقابلہ محض جیت کی خاطر ہی نہیں کیا جاتا۔

اپنی صلاحیتوں کو آزمانے اور معیار کارکردگی کو بڑھانے کے لئے بھی مقابلوں میں حصہ لینا ضروری ہوتا ہے۔ کھیل ہو یا انتخابات بہت سے لوگ ان میں اس لئے بھی حصہ لیتے ہیں کہ اس میدان میں ان کی موجودگی ظاہر ہو۔ ان کے عزم اور پختہ ارادے کا پیغام عوام تک پہنچے۔ محض اس خیال سے کہ جیت ممکن نہیں کسی مقابلہ سے دستبرداری دانشمندی نہیں۔

بیمہ زندگی کے کاروبار میں بھی سہ ماہی اپرلی کلوزنگ کے مہینے کاروبار میں فروغ کے مہینے ہوتے ہیں۔ انہی مہینوں کے دوران سال بھر کے کاروباری اہداف مکمل کرنے کی کوشش کی جاتی ہے اور اپنی اعلیٰ کارکردگی پر اعزازات اور انعامات جیتے جاتے ہیں۔

آپ کو اگر اعزازات جیتنے کی توقع نہیں تب بھی اپنی معمول کی کارکردگی کو بڑھانے اور زیادہ سے زیادہ مالی فائدے کی خاطر مقابلہ کی اس فضا میں داخل ہو جائیے۔

یاد رکھئے! اپنے کاروبار سے لگن سچی ہو اور عزم بھی پختہ ہو تو کامیابی ضرور نصیب ہوتی ہے۔ اپنی کاروباری سرگرمیوں میں تیزی لائیے اور اپنے مقررہ اہداف تک پہنچنے کی بھرپور کوشش کیجئے۔

زیادہ سے زیادہ عوام تک بیمہ زندگی کا پیغام پہنچائیے۔



ایڈیٹر

رضیہ رمضان ڈوسہ
(ڈپارٹمنٹل ہیڈ/اے جی ایم)

ترسیل: ناصر جاوید

رابطہ ایڈیٹر تحفّظ، کارپوریٹ کمیونیکشنز ڈپارٹمنٹ، پرنسپل آفس، اسٹیٹ لائف بلڈنگ نمبر 9، ڈاکٹر ضیاالدین احمد روڈ،
پوسٹ بکس نمبر 5725، کراچی -75530 ٹیلی فون نمبر: 99202819 (021)، فیکس: 99202868 (021)

لے آوٹ ڈیزائن، آرگس ایڈورٹائزنگ (پرائیویٹ) لمیٹڈ
تحفّظ کا شمارہ اسٹیٹ لائف کی ویب سائٹ www.statelife.com.pk پر بھی ملاحظہ کیا جاسکتا ہے۔

# جناب نوید کامران بلوچ نے اسٹیٹ لائف کے چیئرمین کا چارج سنبھال لیا



حکومت پاکستان کے مطابق پی ایس-21 کے آفیسر پرنسپل سیکریٹری وزیراعلیٰ سندھ جناب نوید کامران بلوچ کو کامرس ڈویژن کے ماتحت ادارے اسٹیٹ لائف انشورنس کارپوریشن آف پاکستان میں بحیثیت چیئرمین تعینات کیا گیا ہے۔

جناب نوید کامران بلوچ نے 1985 میں سول سروس جوائن کی وہ گزشتہ 32 سال سے وفاقی اور صوبائی محکموں میں اپنی خدمات انجام دے رہے ہیں۔

قبل ازیں جناب نوید کامران بلوچ وفاقی اور صوبائی محکموں میں ڈائریکٹر جنرل NIM، سیکریٹری فنانس، گورنمنٹ آف سندھ، سیکریٹری فوڈ، سیکریٹری انفارمیشن، گورنمنٹ آف سندھ، اور سندھ بینک کے بورڈ آف ڈائریکٹر کے رکن تعینات رہے ہیں۔ جناب نوید کامران بلوچ پبلک سیکٹر، نظم ونسق، ایڈمنسٹریشن، مالیات (Financial)، ہیلتھ، انشورنس اینڈ پلاننگ اور عالمی امور کا وسیع تجربہ رکھتے ہیں۔

چارج سنبھالنے کے بعد کارپوریٹ کمیونیکیشن ڈپارٹمنٹ سے ملاقات کے دوران جن خیالات کا اظہار فرمایا وہ پیش خدمت ہیں:

سوال: آپ کے خیال میں موجودہ حالات میں اسٹیٹ لائف انشورنس کارپوریشن آف پاکستان کو کن چیلنجز کا سامنا ہے؟

جواب: موجودہ حالات میں ہمیں بہت سخت چیلنجز کا سامنا ہے جن سے نمٹنے کے لئے اسٹیٹ لائف کو جدید خطوط پر استوار کرنا ہوگا، پالیسی ہولڈر سروسز ڈپارٹمنٹ کو دورِ حاضر کے جدید نظام کو اپنانا ہوگا۔ مارکیٹنگ فورس کو انتھک محنت کرنی ہوگی، شہروں اور گاؤں کے گھر تک اپنا پیغام پہنچانا ہوگا، ERP اور پورے نیٹ ورک کو بہتر بنانا ہوگا۔ آپ اس بات کو اچھی طرح جانتے ہیں کہ اب مارکیٹ میں آپ تنہا انشورنس کارپوریشن نہیں ہیں، اب مارکیٹ میں بہت سی نئی کمپنیاں آ گئی ہیں اور وہ جوش اور ولولے سے کام کررہی ہیں۔ آپ سب جانتے ہیں بیمہ زندگی کے شعبے میں ہر گزرتے دن کے ساتھ مقابلہ سخت سے سخت ہوتا جارہا ہے لیکن ہمیں یاد رکھنا چاہئے کہ ہمارے لئے اپنا کاروبار بڑھانے اور اسے مستحکم کرنے کے بے پناہ امکانات موجود ہیں کیوں کہ ابھی ملک کی کثیر آبادی بیمہ زندگی کی خدمات سے محروم ہے اور صرف آپ کے ادارے کے پاس اتنا مستحکم ملک گیر نیٹ ورک اور افرادی قوت موجود ہے کہ ہم اس چیلنج پر پورا اتر سکتے ہیں۔ ضرورت صرف اس بات کی ہے کہ آپ سب بہتر اور منظّم حکمت عملی ترتیب دے کر یکسوئی سے اتنے وسیع امکانات سے زیاد سے زیادہ فائدہ اٹھانے کی کوشش کریں۔ آپ کو نمبرون پر رہنے کے لئے دن رات ایک کرنا ہوگا۔ میری اور میری ٹیم یعنی ڈائریکٹرز اور ڈویژنل ہیڈز آپ کی ہر طرح کی مدد کے لئے موجود ہیں۔

سوال: آپ ہمارے ادارے کو دیگر انشورنس کمپنیوں کے مقابلے میں کیسے دیکھتے ہیں؟

جواب: اسٹیٹ لائف حکومت پاکستان کی اُس پالیسی پر گامزن ہے جس کی بنیاد عوام الناس کو مطمئن اور خوشحال زندگی فراہم کرنا اور ان کے معاشی مسائل کو بتدریج کم کرنا ہے۔ اسٹیٹ لائف پاکستان میں تمام کمپنیوں میں 60 فیصد شیئر رکھتے ہوئے مارکیٹ لیڈر رہے جو کہ کم و بیش دو لاکھ افراد پر مشتمل فیلڈ فورس رکھتی ہے۔ 5 ہزار سے زائد ملازمین پورے پاکستان میں تعینات ہیں۔ جاری پالیسی کی 5.4 ملین اور 3.2 ملین گروپ اور ہیلتھ پالیسی کے ذریعے کورڈ ہیں۔ اسٹیٹ لائف 614 بلین کا لائف فنڈ رکھنے والی پاکستان کی واحد انشورنس کارپوریشن ہے جو ہر سال اپنے خالص منافع میں 97.5% اپنے پالیسی ہولڈرز کو بطور بونس ادا کرتی ہے، 91 جدید بلڈنگ کے پرائم لوکیشن پر جس کی مالیت مارکیٹ ویلیو 3400 بلین سے زیادہ ہے۔

دیگر انشورنس کمپنیوں کے مقابلے میں ہمیں ایج حاصل ہے لیکن اس کا مقصد یہ نہیں کہ اسٹیٹ لائف کی فیلڈ اور آفس کے لوگ محنت کرنا چھوڑ دیں کیونکہ مارکیٹ میں پرائیویٹ کمپنیاں بہت تیزی سے اپنی ساکھ کو بہتر سے بہتر بنانے میں مشغول ہیں۔ ہمیں اپنے مارکیٹ لیڈر پر فخر کرنے کے بجائے اور سخت محنت و حوصلہ سے اپنے کام کو آگے بڑھانا ہے۔

سوال: آپ آنے والے سالوں میں اسٹیٹ لائف کو کہاں دیکھتے ہیں اور آپ اس میں کیا تبدیلی لا سکتے ہیں؟

جواب: میں اسٹیٹ لائف کے مستقبل کو بہت بہتر دیکھ رہا ہوں لیکن اس کے لئے ہماری مارکیٹنگ اور آفس کے لوگوں کو زیادہ محنت کرنی ہوگی۔ پالیسی ہولڈر سروسز، مارکیٹنگ، آئی ٹی اور جی اینڈ پی ڈپارٹمنٹس کو اور زیادہ بہتر کام کرنا ہوگا۔ بیمہ زندگی کے ذریعے لوگوں کو معاشی تحفظ کی فراہمی کی ابھی بھی بہت گنجائش ہے۔

میری ترجیحات میں یہ شامل ہے کہ اسٹیٹ لائف کے پالیسی ہولڈر سروس ڈپارٹمنٹ اور اس کے باقی محکموں کو موجودہ دور کے جدید خطوط پر ترقی دی جائے۔ پالیسی ہولڈرز کو دفتروں کے چکر کاٹنے کے بجائے اُن کے گھروں پر سروسز فراہم کی جائیں۔ اس ادارے میں بہت پوٹینشل موجود ہے آپ کو چاہئے آپ اور زیادہ محنت کریں تاکہ ادارہ ترقی کر سکے۔

سوال: آپ اپنے افسران اور اسٹاف کو اس نیوز لیٹر کے ذریعے کیا پیغام دینا چاہیں گے؟

جواب: تحفظ کے ذریعے میں اپنا یہ پیغام تمام فیلڈ اور آفس کے ساتھیوں کو دیتا ہوں کہ آپ لوگ محنت، لگن، سچائی اور خلوص نیت کے ساتھ اپنے فرائض انجام دیں۔ لوگوں کے جائز کاموں کو فوری طور پر پورا کریں۔ لوگوں کے ساتھ اچھا برتاؤ کریں، اپنے اور اپنے ادارے کی ترقی کے لئے ہمیشہ کوشاں رہیں۔ اسٹیٹ لائف نے قوم کو محفوظ و مستحکم معاشی مستقبل فراہم کرنے کا جو عزم کیا ہے اُسے پایہ تکمیل تک پہنچانے میں میرا اور میری ٹیم کا بھرپور ساتھ دیں۔

میرے عزیز دوستو! صحت و سلامتی اور معیاری کاروبار کے لئے اپنی اس محنت کو زور و شور سے جاری رکھیں۔ میری دعائیں اور بھرپور تعاون آپ کے ساتھ ہے۔ اللہ تعالیٰ آپ لوگوں کو اور اس ادارے کو زیادہ سے زیادہ ترقیاں عطا فرمائے۔

ادارہ تحفظ نئے چیئرمین جناب نوید کامران بلوچ کو یہ منصب سنبھالنے پر مبارکباد پیش کرتا ہے اور دعا گو ہے کہ اللہ تعالیٰ جناب نوید کامران بلوچ کو اپنی نئی ذمہ داریوں میں استقامت عطا فرمائے اور ان کے دور میں ادارہ پھلتا پھولتا رہے۔ (آمین)

(تحفظ رپورٹ)

# سینٹ کی اسٹینڈنگ کمیٹی کا دورۂ پرنسپل آفس



گزشتہ دنوں سینٹ کی اسٹینڈنگ کمیٹی نے جناب سراج احمد خان کی قیادت میں اسٹیٹ لائف پرنسپل آفس کا دورہ کیا۔ پرنسپل آفس پہنچنے پر معزز مہمانان کا شاندار استقبال کیا گیا۔ جناب حاجی اکرم انصاری، ایم این اے شازیہ مری، ایم این اے نذیر بگیو، ایم این اے ڈاکٹر فوزیہ بھی ان کے ہمراہ تھیں۔







اس موقع پر چیئرمین جناب نوید کامران بلوچ نے اپنی تفصیلی بریفنگ کے دوران بتایا کہ اسٹیٹ لائف نے سال 17-2016 میں 154 بلین روپے کا منافع حاصل کیا اور 38 بلین روپے پالیسی ہولڈرز میں بطور بونس تقسیم کئے اور 2 بلین روپے حکومت پاکستان کو انکم ٹیکس پرافٹ کی مد میں دیئے۔

اپنی بریفنگ کے دوران جناب چیئرمین نے بتایا کہ اسٹیٹ لائف نے سرمایہ کاری کی آمدنی میں معقول حد تک اضافہ کیا، ہیومن ریسورس کے شعبے میں اصلاحات متعارف کروائیں۔ پریمیم میں لائقِ تحسین حد تک اضافہ کیا اور سب سے بڑھ کر یہ کہ اسٹیٹ لائف کے ملک کے تین زونز میں انٹرپرائز ریسورس پروسیجر (ERP) متعارف کروایا۔

اسٹیٹ لائف میں کی گئی اصلاحات کا ذکر کرتے ہوئے جناب نوید کامران بلوچ نے بتایا کہ پالیسی ہولڈر سروسز کی سروس ڈیلیوری میں ازسرِ نو اصلاح کے علاوہ انفارمیشن ٹیکنالوجی پر مبنی جدید ترین اکاؤنٹنگ سسٹم بھی متعارف کروادیا گیا۔ اُن کا کہنا تھا کہ ''یہ اُن اقدامات میں سے چند اقدام ہیں جو ہم نے پورے نظام کو شفاف، پالیسی ہولڈرز کے لئے مؤثر بنانے اور اپنے ادارے کو منافع بخش بنانے کے لئے کئے ہیں۔ ہیلتھ پروگرام پر ہمارا بھرپور فوکس ہے۔

ہم اس وقت پرائم منسٹر ہیلتھ پروگرام، صحت سہولت پروگرام فیز I اور صحت سہولت پروگرام فیز 2 پر کام کررہے ہیں۔ ابھی تک ہم 30 لاکھ افراد کو اس میڈیکل پروگرام کے ذریعے کور کرچکے ہیں۔ اسلامک انشورنس تکافل میں طیب کے نام سے رجسٹرڈ ہوچکے ہیں۔

اس موقع پر ایگزیکٹو ڈائریکٹر جناب غفران میمن، جناب اذکار خان صاحبان بھی موجود تھے۔ آخر میں چیئرمین جناب نوید کامران بلوچ نے آنے والے مہمانوں کو شیلڈز پیش کیں۔

(تحفظ رپورٹ)

# زونل ہیڈ جھنگ جناب محمد اکبر مغل اور ان کی ٹیم کو کارپوریشن میں اول پوزیشن حاصل کرنے پر تقریب



ریجنل چیف فیصل آباد جناب خالد محمود شاہد کے جھنگ پہنچنے پر گل پاشی کی جا رہی ہے



ریجنل چیف فیصل آباد جناب خالد محمود شاہد، ایریا منیجر فیصل آباد جناب عدیل منظور کو ان کی شاندار کارکردگی پر گلدستہ پیش کر رہے ہیں

ماہ مارچ 2017 میں کارپوریشن میں اول پوزیشن حاصل کرنے پر جھنگ زون کے قائد جناب محمد اکبر مغل اور ان کی کوالیفائی ٹیم کے اعزاز میں ریجنل چیف فیصل آباد ریجن جناب خالد محمود شاہد کی جانب سے شاندار تقریب منعقد کی گئی۔

ماہ مارچ 2017 میں جھنگ زون نے 47 فیصد کا اضافہ حاصل کر کے تمام ریجنز میں اول پوزیشن حاصل کی۔ کارپوریشن میں سال 2016ء میں اول پوزیشن حاصل کرنے والے ایریا منیجر جناب عدیل منظور اور بیمہ سیکٹر کے سینئر منیجر اور کارپوریشن میں تیسری پوزیشن حاصل کرنے والے جناب عدیل رضا اور سیلز آفیسر جناب فیصل علیم نے بھی خصوصی طور پر شرکت کی۔

ریجنل چیف جناب خالد محمود شاہد اور زونل سربراہ محمد اکبر مغل کا پرتپاک استقبال کیا گیا۔ ریجنل چیف خالد محمود شاہد نے اکبر مغل کو پھولوں کا گلدستہ پیش کیا اور ہار پہنائے۔ پہلی تین پوزیشنز حاصل کرنے والے سیلز منیجرز کو ہار پہنائے گئے۔ عدیل منظور، عدیل رضا اور فیصل علیم کو گلدستے پیش کیے گئے۔

تقریب کی نظامت کے فرائض جناب اے جی ایم ایجنسی ایڈمن جناب معظم علی معظم نے ادا کیے۔ تقریب کا باقاعدہ آغاز ایریا منیجر جناب صوفی یٰسین نے تلاوت قرآن حکیم سے کیا اور نعت رسول مقبولؐ کی سعادت جناب فاروق ملک نے حاصل کی۔ قومی ترانہ روایتی عقیدت و احترام سے سنا گیا۔

جناب فیصل علیم نے کامیاب لیڈرز کے موضوع پر ملٹی میڈیا پر کیریئر پریزنٹیشن شاندار طریقے سے پیش کی اور حاضرین سے داد وصول کی۔ بعد ازاں ایریا منیجر جناب عدیل منظور کو دعوت دی گئی کہ وہ اپنے تجربات کی روشنی میں بتائیں کہ کیسے اپنے ٹارگٹس کا حصول ممکن ہو سکتا ہے۔ ان کی شاندار تقریر نے اس تقریب کو یادگار بنا دیا۔

بعد ازاں جناب اکبر مغل کو دعوت خطاب دی گئی۔ انہوں نے اپنے ویژن 2020 کی روشنی میں اپنے ٹارگٹ کے بارے میں بتایا کہ کیسے وہ اس کے حصول کو ممکن بنا سکتے ہیں۔ انہوں نے ریجنل چیف جناب خالد محمود شاہد کا شکریہ ادا کرتے ہوئے کہا کہ اول پوزیشن کے حصول میں جناب خالد محمود شاہد نے جس طرح ہماری رہنمائی کی ہم تہہ دل سے ان کے مشکور ہیں۔ جھنگ زون کو ایک کامیاب زون بنانے میں جس قدر مشکلات تھیں ریجنل چیف جناب خالد محمود شاہد نے ہماری بھرپور رہنمائی کی جن کی بدولت ہمارے لئے یہ اعزاز حاصل کرنا ممکن ہو سکا۔

میں اس شاندار تقریب کے انعقاد پر جناب خالد محمود شاہد کا بے حد مشکور ہوں۔ انہوں نے کہا کہ میں اور میری ٹیم آپ کو یقین دلاتے ہیں کہ سال 2017ء میں جھنگ زون ایک تاریخ رقم کرے گا۔

پول منی کنٹسٹ میں کامیاب ہونے والوں کو جناب اکبر مغل نے انعامات دیئے اور ریجنل چیف جناب خالد محمود شاہد کو دعوت خطاب دی۔

ریجنل چیف جناب خالد محمود شاہد نے جناب محمد اکبر مغل کو اول پوزیشن حاصل کرنے پر مبارکباد پیش کی اور آنے والے تمام معزز مہمانوں، سیکٹر ہیڈز، ایریا منیجرز اور سیلز منیجرز کو خوش آمدید کہا اور قرعہ اندازی کے ذریعہ ہر کیٹگری میں 10 ٹیبلٹ تقسیم کیے گئے۔ جناب خالد محمود شاہد نے جھنگ زون کی تمام ٹیم کو بتایا کہ کیسے اپنی کارکردگی کی بنا پر اپنے اس اعزاز کو برقرار رکھ سکتے ہیں اور اپنے زونل قائد جناب اکبر مغل کی سربراہی میں اپنا نام تاریخ میں لکھوا سکتے ہیں۔

تمام حاضرین نے ہمہ تن گوش ہو کر اپنے قائدین کو سنا اور اپنے اپنے ٹارگٹ دیئے۔ سیلز منیجر محترمہ کلثوم نے تمام سیلز منیجرز کو چیلنج کیا جس پر تمام سیلز منیجرز نے اس چیلنج کو قبول کیا۔ تقریب کا اختتام شاندار ظہرانے پر ہوا۔

رپورٹ: محمد یٰسین، ڈپٹی منیجر (RCS)

# اسٹیٹ لائف آفیسرز ایسوسی ایشن راولپنڈی کے زیراہتمام آفیسرز فیملی فنکشنز کا انعقاد



ڈاکٹر ساجدانور، ڈاکٹر عالیہ ہاشمی خان کو ویلکم بو کے پیش کررہے ہیں

اسٹیٹ لائف آفیسرز ایسوسی ایشن راولپنڈی کے زیراہتمام لائف زون اور جی اینڈ پی زون کے تمام آفیسرز وفیملیز کے لئے راولپنڈی میں شاندار فنکشن کا اہتمام کیا گیا رنگ ونور کی اس شاندار محفل میں آفیسرز کی فیملیز نے بڑی تعداد میں شرکت کی۔ اس تقریب کی مہمان خصوصی کنوینز ایچ آر کمیٹی بورڈ آف ڈائریکٹرز اسٹیٹ لائف انشورنس کارپوریشن محترمہ ڈاکٹر عالیہ ہاشمی خان تھیں ۔ اس فیملی فنکشن میں ریجنل چیف نارتھ چوہدری محمد اعجاز، ریجنل چیف فیصل آباد جناب خالد محمود شاہد، زونل ہیڈ کراچی سینٹرل جناب قاضی فواد سلیم، زونل ہیڈ اسلام آباد جناب سید اسد علی، اور زونل و ریجنل انچارجز نے شرکت کی۔

تقریب کا باقاعدہ آغاز تلاوت کلام پاک ونعت رسول مقبولؐ سے کیا گیا۔ اسٹیج سیکریٹری جناب ظہیر احمد نے تمام مہمانوں کا اس فنکشن میں آنے پر تہہ دل سے شکریہ ادا کیا اور خصوصی طور پر ڈاکٹر عالیہ ہاشمی خان کا شکریہ ادا کیا جنہوں نے اپنی گوناگوں مصروفیات کے باوجود اس تقریب کو رونق بخشی۔

پریزیڈنٹ آفیسرز فیڈریشن ڈاکٹر ساجد انور کو دعوت خطاب دی۔ ڈاکٹر ساجد نے حاضرین محفل کی بھرپور تالیوں میں ڈاکٹر عالیہ ہاشمی خان، ریجنل چیف وزونل ہیڈ صاحبان، ریجنل انچارجز ودیگر مہمانوں اور اس فنکشن میں شرکت کرنے پر اپنے تمام آفیسرز کی فیملیز کا بھی شکریہ ادا کیا۔



ڈاکٹر ساجدانور ریجنل چیف نارتھ جناب چوہدری محمد اعجاز کو بو کے پیش کررہے ہیں

ڈاکٹر ساجد نے فنکشن کے اغراض ومقاصد بیان کرتے ہوئے بتایا کہ اس طرح اکٹھا ہونے کا مقصد تمام آفیسرز کی فیملیز وبچوں کو نہ صرف تفریح فراہم کرنا ہے بلکہ فیملیز کا ایک دوسرے کے ساتھ مل بیٹھنا اپنے ڈومیسٹک ایشوز کو شیئر کرنا اور سوشل بانڈز کو مستحکم کرنا ہے۔

تقریب کی کارروائی کو آگے بڑھاتے ہوئے جناب ظہیر احمد نے تقریب کے شرکاء کی توجہ ان اسٹالز کی طرف دلوائی جو اس فیملی فنکشن میں لگائے گئے تھے ان اسٹالوں سے شرکاء نے بھرپور استفادہ کیا۔

ڈاکٹر ساجد نے اپنے مختصر خطاب کے بعد ڈاکٹر عالیہ ہاشمی خان کو دعوت خطاب دی تو تمام شرکاء محفل نے ان کا شاندار استقبال کیا۔

ڈاکٹر عالیہ ہاشمی نے اپنے خیالات کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ ہر شخص کا دل چاہنے لگا کہ وہ زندگی میں کامیابی کا زینہ پانے کے لئے آپ کے نقش قدم پر چلے۔ آپ نے اپنے خوبصورت انداز میں اپنے ایجوکیشنل کیریئر اور بعد میں بطور کنوینر HR اسٹیٹ لائف جوائن کرنے کے بارے میں بتایا اور نہایت خوشی کا اظہار کیا کہ جس طرح آفیسرز ایسوسی ایشن نے اس فنکشن کو آرگنائز کیا جس کی وجہ سے خواتین اور بچوں کی کثیر تعداد نے اس میں شرکت کی۔

اس موقع پر جناب سعید احمد جن کا شمار راولپنڈی اسلام آباد کے صف اول کے کامیڈینز میں ہوتا ہے انہوں نے شرکاء کے لئے ہلکی پھلکی کامیڈی، میجک شو اور نوجوان سنگرز کے ساتھ اپنے پروگرام کو آگے بڑھایا۔



جناب تنویر انجم جنرل سیکریٹری آفیسرز ایسوسی ایشن وڈاکٹر ساجدانور، ریجنل چیف فیصل آباد جناب خالد محمود شاہد کو بو کے پیش کرتے ہوئے



جناب تنویر انجم جنرل سیکریٹری آفیسرز ایسوسی ایشن زونل ہیڈ اسلام آباد جناب سید اسد علی کو بو کے پیش کررہے ہیں

کامیڈین سعید احمد نے اپنی ساتھی فنکارہ کے ساتھ شرکاء محفل سے اپنی برجستہ کامیڈی کے ذریعے خوب داد وصول کی اس موقع پر ایک میجک شو کا انعقاد بھی کیا گیا جس سے بچے اور بڑے سب ہی لطف اندوز ہوئے۔

بعدازاں صابر سنی نے حاضرین محفل کی فرمائش پر گیت سنائے۔ آخر میں ڈاکٹر ساجد نے مہمانوں کا شکریہ ادا کیا۔ فنکشن کے اختتام پر تمام افسران اور ان کی فیملیز اور خصوصی طور پر مدعو کے گئے مہمانوں کو تحائف پیش کئے گئے۔

**رپورٹ: ظہیر احمد**
**جوائنٹ سیکریٹری، آفیسرز ایسوسی ایشن، راولپنڈی زون**




آفیسرز ایسوسی ایشن راولپنڈی زون کے ممبران کا ڈاکٹر عالیہ ہاشمی کے ساتھ گروپ فوٹو

# کراچی سدرن زون کے میگا ایونٹ لکی ڈرا کی تقریب کا انعقاد




ڈویژنل ہیڈ مارکیٹنگ جناب اظہر حسین اسٹیج پر تشریف فرما ہیں، ریجنل چیف ساؤتھ چوہدری اختر حسین اور زونل ہیڈ ساؤتھ جناب سعید خان بھی نمایاں ہیں

گزشتہ دنوں مذکورہ بالا تقریب کا انعقاد کراچی کے مقامی ہوٹل میں ہوا جس میں سال 2016 میں 25 لاکھ سے زائد پریمیئم کرنے والے سیلز منیجرز کو مدعو کیا گیا۔ زونل ہیڈ محمد سعید خان میزبان تھے۔ چیف گیسٹ ڈویژنل ہیڈ مارکیٹنگ جناب اظہر حسین اور صدارت ریجنل چیف ساؤتھ چوہدری اختر حسین نے کی جبکہ اسٹیج پر ایریا منیجر انجم، صدر فیلڈ ورکرز ایسوسی ایشن راجہ مظفر حسین اور ندیم کاظمی کو بیٹھنے کا اعزاز حاصل ہوا۔



ڈویژنل ہیڈ مارکیٹنگ جناب اظہر حسین شرکاء سے خطاب کرتے ہوئے



ریجنل چیف ساؤتھ چوہدری اختر حسین شرکاء سے خطاب کررہے ہیں

زونل ہیڈ محمد سعید خان نے رب العزت کا شکرادا کرتے ہوئے کہا کہ آج ہم یہ لکی ڈرا کی تقریب منعقد کررہے ہیں اب ہمارے ایریا منیجر ڈاکٹر دلیپ کمار 5 کروڑ جبکہ سیلز منیجر 2 کروڑ پریمیئم کررہے ہیں۔ ہم سرفہرست زون ہیں اور ہمارے خاصے ایریا منیجر کی تگ ودو میں سیلز منیجرز مصروف عمل ہیں۔ ہم چھوٹے چھوٹے کاموں میں لگے رہتے ہیں۔ بھرتی کے عمل اور نگہداشت کی کمی ہے۔ سیلز ریپریزنٹیٹیو 90 فیصد ساتھیوں کی ایک پالیسی ہے یا نہیں ہے۔ اگر ایک سیلز آفیسر ایک سیلز ریپریزنٹیٹو کو کامیاب کرے تو پھر ہم کامیاب ہوں گے۔ ہم ٹیم ورک میں نمبر 1 بن سکتے ہیں۔

ریجنل چیف چوہدری اختر حسین نے خوشی کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ آج ٹاپ پروڈیوسرز اسٹیج پر بیٹھے ہیں۔ انہوں نے ڈویژنل ہیڈ مارکیٹنگ اظہر حسین کو خراج تحسین پیش کرتے ہوئے کہا کہ ان کے چارج لیتے وقت بزنس مائنس میں تھا لیکن آج کارپوریشن نے 2016 سال میں 11 فیصد پلس میں کلوز کیا۔ ہماری ایسوسی ایشن کے ساتھی بھی اچھے پروڈیوسرز ہیں۔ اگر ساؤتھ زون نمبر 1 ہوگا تو ریجن خود بخود نمبر 1 ہوجائے گا۔ ہمیں اپنے آپ کو بدلنا ہوگا۔ ریکروٹمنٹ پر بہت توجہ دینی ہوگی۔ ہمیں 18 فیصد نتائج لانا ہوں گے۔ اپنے ساتھیوں پر خصوصی توجہ دینا ہوگی۔ زونل ہیڈ اور میں 6 کروڑ مکمل ہونے پر 150 کامیاب ساتھیوں کو پی سی میں ڈنر دیں گے۔



زونل ہیڈ ساؤتھ جناب سعید خان شرکاء سے محوِ گفتگو



میٹنگ کے شرکاء

ہمارے قابل قدر ڈویژنل ہیڈ اظہر حسین نے سیلز منیجرز کے لئے 3 عمرہ ٹکٹ، 3 موٹرسائیکلیں اور ایریا منیجرز کے لئے ایک عمرہ ٹکٹ اور ایک موٹرسائیکل کا اعلان کیا۔ اپنے خطاب میں انہوں نے کہا کہ پروموشنز میں لگا ہوا تھا اور اپنے بیٹے کی شادی میں بھی شرکت نہ کرسکا کیونکہ مجھے اپنے 22 بیٹوں کو AGM/DGM کے عہدوں پر ترقی کروانی تھی۔ باقی فائلیں بھی دستخط کے لئے تیار ہیں۔ ہم نے سال میں 16.49 ارب جبکہ پریمیئم میں 5.5 ارب اور 56 لاکھ پالیسیاں کی ہیں۔ آپ معلومات رکھیں۔ جبکہ سالانہ رپورٹ بھی دیکھنے کے لئے موجود رہیں۔ فیصل آباد کا ٹاپ ایریا منیجر 10 لاکھ پریمیئم کررہا ہے آپ نے سنا ہوگا کہ مائیکل جارڈن کی ماہانہ آمدنی دو کروڑ ڈالر تھی جبکہ وہ 2 سے 20 ڈالر کی ٹی شرٹ بیچتا تھا آپ زیادہ سے زیادہ فروخت کریں اچھی آمدنی حاصل کریں اس پلیٹ فارم سے اعلان کرتا ہوں کہ کوٹہ 5 فیصد بڑھے گا جو چیئرمین سے منظور کروالیے جائیں گے۔ اے جی ایم نے نعرہ دیا کہ جمع یا تفریق نہیں پریمیئم کو ضرب دیں گے۔

آخر میں اے جی ایم محمد ندیم قادری نے خوبصورت لفظوں میں ووٹ آف تھینکس پیش کیا۔

**رپورٹ: اسلم پرویز، سینئر سیلز منیجر**

# ریجن میلہ خیبر پختونخواہ اور پشاور زون کے کوالیفائرز کے اعزاز میں تقسیم انعامات

گزشتہ دنوں خیبر پختونخواہ ریجن اور پشاور زون کے کوالیفائرز کے اعزاز میں ایک تقریب تقسیم انعامات منعقد ہوئی۔ تقریب کی صدارت ڈویژنل ہیڈ مارکیٹنگ جناب اظہر حسین نے فرمائی۔

اس تقریب میں ریجنل چیف خیبر پختونخواہ جناب خالد منصور، زونل ہیڈ پشاور جناب نمائش خان، ڈپارٹمنٹل ہیڈز، ایریا منیجرز، فیلڈ کارکنان، اسٹاف وآفیسرز نے شرکت کی۔

پروگرام کا باقاعدہ آغاز تلاوت کلام پاک سے ہوا۔ یہ پروگرام تمام خیبر پختونخواہ ریجن کے فیلڈ فورس ریجن میلہ اور پشاور زون کے مختلف مقابلوں کے کوالیفائرز کے اعزاز میں منعقد کیا گیا تھا۔

ریجنل چیف خیبر پختونخواہ جناب خالد منصور نے ڈویژنل ہیڈ مارکیٹنگ جناب اظہر حسین، جناب نجم الحسن، جناب بشارت اور تمام زونل سربراہان، سیکٹر ہیڈز، فیلڈ فورس کے جوانوں کا دل کی گہرائیوں سے شکریہ ادا کیا جنہوں نے اس میلے میں شرکت کی اور پشاور زون کے تمام کوالیفائرز کو انعامات جیتنے پر مبارک باد دی۔ انہوں نے کہا کہ ان سرگرمیوں سے ہماری فیلڈ فورس میں نیا ولولہ اور جذبہ پیدا ہوگا مجھے خوشی اس بات کی ہے کہ ہمارے تمام پروگرام بڑی کامیابی سے ہو رہے ہیں۔ یہ مہینہ اپنے ڈویژنل ہیڈ اور چیئرمین کے نام کرتا ہوں اور اس مہینے ہماری پہلی پوزیشن ہوگی۔

کا وقار آپ لوگوں کے دم سے قائم ہے اور مجھے یقین کامل ہے کہ اس سال ہم کارپوریشن کا ریکارڈ بزنس کریں گے۔ انہوں نے کہا کہ میرا تعلق اسی خطے سے ہے اور میں فخر سے کہتا ہوں کہ پٹھان جو وعدہ کرتے ہیں ضرور پورا کرتے ہیں اس کے لئے تن من دھن کی بازی لگا دیتے ہیں انہوں نے ریجنل چیف خیبر پختونخواہ جناب خالد منصور کو پوری کارپوریشن میں سالانہ 2016 کی بنیاد پر دوسری پوزیشن حاصل کرنے پر زبردست الفاظ میں خراج تحسین پیش کیا اور کہا کہ میں تمام دوستوں کو مبارک باد دیتا ہوں۔ انہوں نے کہا کہ جناب خالد منصور کی بحیثیت ریجنل چیف تعیناتی اعلیٰ انتظامیہ کے ان پر اعتماد



ڈویژنل ہیڈ مارکیٹنگ جناب اظہر حسین، زونل ہیڈ پشاور زون جناب نمائش خان کو شیلڈ پیش کر رہے ہیں



ڈویژنل ہیڈ مارکیٹنگ جناب اظہر حسین، ریجنل چیف پشاور خالد منصور کو اعلیٰ کارکردگی پر شیلڈ پیش کر رہے ہیں



ڈویژنل ہیڈ مارکیٹنگ جناب اظہر حسین، ریجنل چیف پشاور جناب خالد منصور کے ساتھ گروپ فوٹو، جناب نمائش خان بھی نمایاں ہیں

سوات سے ایبٹ آباد اور کوہاٹ زون سے تمام خیبر پختونخواہ سے آئے ہوئے مہمانوں کو خوش آمدید کہا گیا۔ اس موقع پر پنڈال کو نہایت خوبصورتی سے سجایا گیا تھا۔ اس کا انعقاد اسٹیٹ لائف بلڈنگ میں کیا گیا۔ اس یادگار تقریب میں فیلڈ فورس کی حوصلہ افزائی کے لئے ڈویژنل ہیڈ مارکیٹنگ جناب اظہر حسین نے خصوصی طور پر شرکت کی۔

مہمانوں کی آمد پر ریجنل چیف خیبر پختونخواہ جناب خالد منصور سمیت شرکائے تقریب نے گرم جوشی سے ان کا استقبال کیا۔ پھولوں کی پتیاں نچھاور کیں اور ہار پہنائے۔ اس موقع پر پشاور زون کی طرف سے 101 انعامات کی قرعہ اندازی کی گئی۔ بعد ازاں جیتنے والوں کے ناموں کا اعلان بھی کیا گیا اور اس موقع پر سب کوالیفائرز کو ہار پہنائے گئے اور مختلف مقابلوں کے کوالیفائرز کے درمیان انعامات اور لاکھوں روپے مالیت کے کیش انعامات بھی تقسیم کیے۔

زونل سربراہ پشاور زون جناب نمائش خان نے ڈویژنل ہیڈ جناب اظہر حسین کا خیبر پختونخواہ ریجن آنے پر شکریہ ادا کیا انہوں نے کہا کہ ریجنل چیف خیبر پختونخواہ جناب خالد منصور کی قیادت میں تیزی سے ترقی کی طرف گامزن ہے۔ انہوں نے کہا کہ تمام زونل ہیڈز اور سیکٹر ہیڈز اس تقریب میں شریک ہیں میں ان کا بھی شکریہ ادا کرتا ہوں۔ ہماری ترقی میں ڈویژنل ہیڈ کا بڑا کردار ہے اور آج ہم فخر محسوس کر رہے ہیں کہ ہم سب اپنے گھر میں بیٹھے ہوئے ہیں اس کا کریڈٹ ڈویژنل ہیڈ جناب اظہر حسن اور ریجنل چیف خیبر پختونخواہ جناب خالد منصور کو جاتا ہے اور اس کے ساتھ ساتھ میں سوات کے ساتھیوں کو سلام پیش کرتا ہوں کہ سوات زون اور ایبٹ آباد زون کی کارکردگی اچھی جا رہی ہے۔ پشاور اور کوہاٹ زون کارکردگی کے لحاظ سے کمزور ہیں انشاءاللہ اگلے مہینوں میں یہ زونز بھی اچھی کارکردگی کا مظاہرہ کریں گے۔



ریجنل چیف پشاور جناب خالد منصور کا انعامات حاصل کرنے والوں کے ساتھ گروپ فوٹو

ریجنل چیف خیبر پختونخواہ جناب خالد منصور نے پشاور ریجن کے تمام کوالیفارز کو مبارک باد دی اور ڈویژنل ہیڈ مارکیٹنگ کے ہاتھوں ہار پہنائے اور لوگوں میں ریجن کی طرف سے اچھی کارکردگی کی بنیاد پر گولڈ میڈل بھی تقسیم کئے۔ بعد ازاں بینکا انشورنس میں اچھی کارکردگی کا مظاہرہ کرنے والے لوگوں میں گولڈ میڈل بھی پیش کئے۔

ڈویژنل ہیڈ مارکیٹنگ جناب اظہر حسین نے اپنی گفتگو میں کہا کہ میں ریجنل چیف خیبر پختونخواہ جناب خالد منصور کا خصوصی شکریہ ادا کرتا ہوں اور تمام زونل سربراہان سیکٹر ہیڈز اور فیلڈ فورس کا شکریہ ادا کرتا ہوں۔ آج کی تقریب خوشگوار ماحول میں ہو رہی ہے انہوں نے کہا کہ مجھے خوشی ہے کہ تقریب اپنی بلڈنگ میں ہو رہی ہے۔

ڈویژنل ہیڈ مارکیٹنگ جناب اظہر حسین نے اپنی مخصوص شعلہ بیانی سے تقریب کو گرماتے ہوئے فیلڈ فورس کو دل و جان سے محنت کرنے، کامیابی کی مزید بلندیوں کو چھونے اور دیگر ساتھیوں کے لئے مثال بننے کی تلقین کی۔ انہوں نے ایسا بزنس کرنے پر زور دیا جو کہ کارپوریشن کے لئے منافع بخش ہو۔ انہوں نے کہا کہ اسٹیٹ لائف کا منہ بولتا ثبوت ہے جس پر وہ پورا اترے ہیں۔ انہوں نے امید ظاہر کی کہ آئندہ بھی خیبر پختونخواہ ریجن پوری کارپوریشن میں کامیابی کے جھنڈے لہرائے گا۔ اس موقع پر جناب اظہر حسین نے زونل سربراہ جناب نمائش خان کی قائدانہ صلاحیتوں اور ان کی شب و روز محنت پر انہیں مبارک باد پیش کی اور کہا کہ ماہ مئی میں پورے مہینوں کی کمی کو پورا کیا جائے انہوں نے کہا کہ پشاور زون کے قائد ایک تجربہ کار اور منجھے ہوئے بیمہ کار ہیں اور اپنی مسلسل محنت اور لگن سے اس مقام تک پہنچے ہیں۔ ان کی کارکردگی کو پوری کارپوریشن میں تحسین کی نگاہ سے دیکھا جاتا ہے۔ اس موقع پر جناب ریجنل چیف خالد منصور اور زونل سربراہ پشاور زون جناب نمائش خان کو شیلڈ پیش کی بعد ازاں ڈویژنل ہیڈ مارکیٹنگ جناب اظہر حسین نے مختلف مقابلہ جات کے کوالیفائرز میں انعامات تقسیم کئے۔

تقریب کے اختتام پر ریجنل چیف خیبر پختونخواہ جناب خالد منصور اور پشاور ریجن کے منتظمین کو زبردست اہتمام کرنے پر خراج تحسین پیش کیا۔

مختار یوسف زئی پی ایس ٹو ریجنل چیف خیبر پختونخواہ ریجن

# وعدوں کی پاسداری – اسٹیٹ لائف ایفائے عہد کی ایک زندہ مثال

جناب ڈاکٹر طارق سعید گوانس (مرحوم) نے اسٹیٹ لائف انشورنس کارپوریشن آف پاکستان جھنگ سے پچاس لاکھ زربیمہ کی ایک پالیسی اور ایک لاکھ زربیمہ کی مزید ایک پالیسی خریدی ہوئی تھی۔ ان کی طرف سے صرف 4 اقساط جمع کروائی گئی تھیں کہ پچھلے دنوں ایک سڑک حادثہ میں ان کی موت واقع ہوگئی۔ اسٹیٹ لائف انشورنس کارپوریشن آف پاکستان جھنگ زون کے زونل سربراہ جناب محمد اکبر مغل نے اپنے دفتر میں ایک چھوٹی سی تقریب کا انعقاد کیا جس میں جناب ڈاکٹر طارق سعید گوانس کی بیوہ محترمہ سمیعہ طارق نے مبلغ ایک کروڑ چودہ لاکھ اٹھانوے ہزار دو سو چار (11,498,204) روپے کا حادثاتی کلیم کا چیک وصول کیا۔ اس تقریب میں جھنگ زون کے ڈپارٹمنٹل ہیڈز، سیکٹر ہیڈز، ایریا منیجرز، اسٹیٹ لائف کی تمام ایسوسی ایشنز کے نمائندگان اور ریسکیو 1122 کے ڈسٹرکٹ ایمرجنسی آفیسر جناب علی حسنین، جناب طاہر عباس CRI، محمد زبیر WT کے ساتھ ساتھ ڈاکٹر سونیا نے بھی شرکت کی۔



جناب محمد اکبر مغل، ڈاکٹر طارق سعید کی بیوہ کو 11,498,204 روپے کا چیک دے رہے ہیں، ساتھ میں ریسکیو 1122 کے انچارج اور ڈاکٹر سونیا ظفر اور سیکٹر ہیڈ محمد شریف شاکر سیکٹر بھی موجود ہیں



زونل ہیڈ کراچی سینٹرل جناب قاضی فواد سلیم، مرحوم شارق محمود کی بیوہ کو ڈیتھ کلیم کی مد میں 10,987,050 روپے کا چیک دے رہے ہیں تصویر میں ایریا منیجر جناب شاہد احمد خان بھی نمایاں ہیں


4 تا 8 کروڑ سے زائد پریمیئم کلب ممبران
2016 میں ان ہی کی کاوشوں سے ہوئے ہم نمبر 1
ایک ریکارڈ ساز کامیابی ان ہی کی بے مثل کارکردگی کا ثبوت ہے
عدیل منظور۔فیصل آباد
Rs. 87,937,214
محمد آصف۔راولپنڈی
Rs. 65,597,593
محمد رمضان۔راولپنڈی
Rs. 64,711,426
راجہ تنویر کوثر۔راولپنڈی
Rs. 45,177,838
ممتاز احمد شاہد۔وہاڑی
Rs. 44,576,217
محمد رضوان ارشد۔فیصل آباد
Rs. 59,475,357
ڈاکٹر دلیپ کمار۔کراچی ساؤتھ
Rs. 53,951,864
فضل الٰہی بٹ۔سیالکوٹ
Rs. 43,873,581
بابر سلیم۔فیصل آباد
Rs. 42,140,399
عنصر خان۔اسلام آباد
Rs. 53,590,953
سرفراز خان لودھی۔گجرات
Rs. 53,241,245
محمد انور سلیمی۔وہاڑی
Rs. 50,473,865
علی اصغر علوی۔گوجرانوالہ
Rs. 41,725,467
ذیشان باسط۔فیصل آباد
Rs. 41,172,848
ایس۔جی۔ایم ربانی۔اسلام آباد
Rs. 50,070,015
نعیم احمد رانا۔کراچی ایسٹرن
Rs. 48,790,511
چوہدری محمد بشارت۔اسلام آباد
Rs. 46,262,234
چوہدری محمد اشرف۔گوجرانوالہ
Rs. 41,019,503
اسٹیٹ لائف انشورنس کارپوریشن آف پاکستان کو اپنے ان پرعزم اور جفاکش ایریا مینیجرز پر ناز ہے جنہوں نے انتھک محنت اور بے لوث خدمت سے نہ صرف شہروں
میں بلکہ دوردراز کے دیہاتوں میں بسنے والے اہل وطن کو بیمہ زندگی کے ذریعے معاشی تحفظ فراہم کیا اور اس کے ساتھ ملک کی ترقی میں اور اپنے ادارے کی
ترقی میں نہایت اہم کردار ادا کیا اس اعلیٰ اور قابل تقلید کارکردگی پر ہم ان تمام ایریا مینیجرز کو خراج تحسین پیش کرتے ہیں۔
اسٹیٹ لائف
انشورنس کارپوریشن آف پاکستان
مزید تفصیلات کے لئے ہمارے قریبی ایریا/زونل آفس یا ہماری ویب سائٹ www.statelife.com.pk پر وزٹ کریں۔

# اسٹیٹ لائف بہاولپور زون میں تحصیل یزمان میں سیکٹر آفس کا افتتاح

بیمہ زندگی کے کاروبار میں بعد از فروخت سروسز اور مقامی فیلڈ کی حوصلہ افزائی کے لئے دفاتر کی بہت اہمیت ہے۔ اسی بات کو مدنظر رکھتے ہوئے بہاولپور زون میں تحصیل کی سطح پر سیکٹر دفاتر بنائے جارہے ہیں اور اسی سلسلے کی ایک کڑی تحصیل یزمان میں اسٹیٹ لائف کے سیکٹر آفس کا افتتاح زونل سربراہ چوہدری محمد یوسف مختار نے سیکٹر ہیڈ میاں رضوان مجید اور انچارج نیو بزنس چوہدری محمود کے ساتھ کیا۔ یزمان پہنچنے پر سینئر ایریا منیجر محمد رمضان نے اپنے فیلڈ کے ساتھیوں کے ساتھ ان کا شاندار استقبال کیا۔ اس موقع پر ان کا شکریہ



زونل سربراہ بہاولپور زون چوہدری محمد یوسف مختار، سیکٹر ہیڈ میاں رضوان مجید اور انچارج نیو بزنس محمود احمد کے ساتھ سیکٹر آفس کا افتتاح کرتے ہوئے

ادا کرتے ہوئے انہیں یہ یقین دلایا کہ انشاءاللہ تعالیٰ یزمان میں سیکٹر آفس بننے سے نہ صرف بیمہ داران کو فائدہ ہوگا بلکہ بزنس میں بھی کئی گنا اضافہ ہوگا۔ زونل ہیڈ نے اپنے خیالات کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ بہاولپور زون میں دفاتر کا نیٹ ورک مستقبل میں مشکلات سے بچنے کے لئے بڑھایا جائے گا اور انشاء اللہ جلد ہی یہاں کیش کاؤنٹر اور دیگر سہولیات بھی فراہم کی جائیں گی۔

**رپورٹ: میاں رضوان مجید، سیکٹر ہیڈ**



یزمان میں سیکٹر آفس کے افتتاح کے موقع پر فیلڈ کے ساتھیوں کے ساتھ گروپ فوٹو

# ایریا 2122 کی تقریب تقسیم انعامات

گزشتہ دنوں ایریا 2122 کی تقریب تقسیم انعامات کا انعقاد بیچ لگژری ہوٹل کراچی میں منعقد ہوا۔ اس میٹنگ کے روح رواں ایریا منیجر جناب اعجاز احمد صدیقی تھے۔ میٹنگ سیلز منیجرز، سیلز آفیسرز اور سیلز ریپریزنٹیٹوز کی دسمبر کی کارکردگی کی بنیاد پر رکھی گئی تھی۔ میزبانی کے



فرائض سیلز آفیسر فرحت ناز اور سیلز نمائندہ جناب زاہد نے انجام دیئے۔ میٹنگ کے مہمان خصوصی ریجنل چیف ساؤتھ چوہدری اختر حسین، کراچی ایسٹرن زون کے زونل سربراہ جناب صدیق اکبر اور جناح سیکٹر کے سیکٹر ہیڈ جناب محمد اکبر تھے۔

میٹنگ کا باقاعدہ آغاز تلاوت کلام پاک سے کیا ور سیلز آفیسر عصمت سلطانہ نے نعت رسول مقبولؐ پیش کی۔ ایریا منیجر اعجاز احمد صدیقی نے دسمبر 2016ء اور 2017 اپریل تک کے بزنس کا ریویو پیش کیا اور اس عزم کا اظہار کیا کہ باقی ماندہ سال ہم بہتر بزنس کرنے کی کوشش کریں گے ساتھ ہی اس سال اور ماہ اپریل کے عزائم کا اظہار کیا اور ریجنل چیف چوہدری اختر کو یقین دلایا کہ ہمارا ایریا 2122 کے سیلز منیجر، سیلز آفیسرز اور سیلز ریپریزنٹیٹوز اپنے اہداف مکمل کریں گے اور زون میں نمایاں پوزیشن حاصل کریں گے، انشاءاللہ۔



سیلز آفیسر ارسلان علی، عصمت سلطانہ، فرحت ناز اور سیلز منیجر نوید ایوب، اقبال یوسف اور حمیرا خان نے اپنی ٹیم کی کارکردگی پر روشنی ڈالی اور آئندہ کے لائحہ عمل سے آگاہ کیا۔ سیکٹر ہیڈ جناب اکبر نے اپنی تقریر میں ایریا 2122 کی تعریف کرتے ہوئے کہا کہ یہ وہ ایریا ہے جو چاہے کرسکتا ہے اور اگر یہ چاہے تو اس سال KEZ کا نمبر ون زون بن سکتا ہے۔ زونل ہیڈ جناب صدیق اکبر کراچی ایسٹرن زون نے اچھی کارکردگی کے حامل افراد کو سراہا اور انہیں مزید اچھے بزنس کرنے کی ترغیب دی اور اتنی اچھی میٹنگ پر ایریا منیجر کو مبارک باد پیش کی۔

ریجنل چیف چوہدری اختر حسین نے اپنی تقریر سے فیلڈ کے ساتھیوں کو موٹیویٹ کیا اور کہا کہ بہتری کی ابھی بہت گنجائش ہے اگر ٹیم چاہے تو کراچی ایسٹرن زون میں پہلی پوزیشن حاصل کرسکتے ہیں۔ ہمیں اپنی سوچ کو بدلنا ہے۔ اچھا سوچنا ہے اور اس پر عمل بھی کرنا ہے۔ انہوں نے ماہ اپریل میں 2,000,000 بزنس مکمل کرنے پر بیچ لگژری ہوٹل میں ڈنر کرانے کا اعلان کیا بعد ازاں انعامات کی تقسیم کی گئی۔

**رپورٹ: حمیرا خان، سیلز منیجر**

# ڈویژنل ہیڈ مارکیٹنگ جناب اظہر حسین کا دورہ ملتان کے موقع پر کیش کاؤنٹر خانیوال کا افتتاح

زونل ہیڈ ملتان زون جناب لیاقت علی شاہد نے جب سے زون کا چارج سنبھالا ہے تب سے اہل زون اس بات کے گواہ ہیں کہ آپ ہمیشہ بردباری، مسکراتے چہرے اور خندہ پیشانی سے فیلڈ کارکنان، ایریا منیجرز، سیکٹر ہیڈز، اسٹاف آفیسرز کو خوش آمدید کہتے ہیں۔ آپ لوگوں کے مسائل کو جاننے اور ان کے بہتر حل کے لئے اپنا ثانی نہیں رکھتے۔

کامیاب انسانوں کی فطرت میں ہوتا ہے کہ وہ اپنی اور اپنے ہم عصروں کی زندگی میں آسانیاں تقسیم کرنے کے لئے نت نئے انداز میں کام کرتے ہیں۔ اسی سلسلہ میں آپ نے دور حاضر کی ضروریات کو مدنظر رکھتے ہوئے ملتان زون کی طرف سے خانیوال میں جدید سہولیات سے مزین کیش کاؤنٹر کی ضرورت محسوس کی جس کا افتتاح ڈویژنل ہیڈ مارکیٹنگ جناب اظہر حسین نے کیا۔ اس موقع پر زون کے سیکٹر ہیڈز، ایریا منیجرز، فیلڈ کارکنان نے بڑی تعداد میں شرکت کی۔

ڈویژنل ہیڈ مارکیٹنگ جناب اظہر حسین نے کیش کاؤنٹر کے حوالہ سے زونل سربراہ ملتان زون کی خدمات کی تعریف کی جن کی بدولت اس کاؤنٹر کا وجود عمل میں آیا۔ اس موقع پر زونل سربراہ لیاقت علی شاہد نے ڈویژنل ہیڈ جناب اظہر حسین اور ریجنل چیف جناب محمد داؤد ناصر کو خانیوال سب زون میں خوش آمدید کہا اور اس طرح کے خوبصورت سب زون اور سیکٹر آفسز کو آج کے دور کی اشد ضرورت قرار دیا جو پالیسی ہولڈرز کو بہترین سروس دے سکیں۔ اس موقع پر ریجنل چیف نے بھی سب زون کے آفس کی خوبصورتی کو سراہا اور نیک جذبات کا اظہار کیا۔



ڈویژنل ہیڈ مارکیٹنگ جناب اظہر حسین خانیوال میں نئے سیکٹر آفس و کیش کاؤنٹر کا افتتاح کر رہے ہیں، ریجنل چیف ملتان محمد داؤد ناصر، زونل ہیڈ ملتان لیاقت علی شاہد، حسنین منظور، عمران لاشاری و دیگر نمایاں ہیں



خانیوال کیش کاؤنٹر کے افتتاح کے موقع پر دعائے خیر کی جا رہی ہے

ڈویژنل ہیڈ مارکیٹنگ جناب اظہر حسین نے سب زون کی مزید بہتری اور فیلڈ ورکرز کو سہولیات باہم پہنچانے کے لئے ایک لاکھ روپے کا اعلان کیا جو کہ خانیوال سب زون کی ماہ اپریل کی FYP BASE پر 35 فیصد اضافہ سے مشروط تھا۔ آپ کو یہ بات بتاتے ہوئے مجھے خوشی محسوس ہو رہی ہے کہ اس جدید کاؤنٹر کی بدولت خانیوال سب زون نے ماہ اپریل میں اپنی ماہانہ FYP Base پر 64 فیصد سے زائد اضافہ کیا۔

زونل ہیڈ ملتان جناب لیاقت علی شاہد ملتان زون نے تمام کاؤنٹرز اور سیکٹر آفیسز کو جدید بنانے اور معزز پالیسی ہولڈرز کو پہلے سے بہتر سروسز فراہم کرنے کے عزم کا اعادہ کیا۔

**رپورٹ: محمد افضال قمری، پی اے ٹو زونل ہیڈ، ملتان**

## تربیتی کورس گروپ اینڈ پینشنز لاہور



ڈویژنل ہیڈ جی اینڈ پی جناب افتخار احمد قریشی کورس مکمل کرنے والے شرکاء کے ساتھ

گروپ انشورنس پی ایچ ایس اور کلیمز کا دو روزہ تربیتی پروگرام ٹریننگ اکیڈمی لاہور میں منعقد کیا گیا۔ اس پروگرام میں ڈویژنل ہیڈ (جی اینڈ پی) جناب افتخار احمد، انچارج ٹریننگ اکیڈمی اور افسران نے بھرپور انداز میں شرکت کی۔

زونل ہیڈ جناب ڈاکٹر سجاد حسن زیدی نے اپنے خیالات کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ گروپ اینڈ پینشنز لاہور زون میں اس طرح کی ٹریننگ کا انعقاد پہلی بار ہوا ہے۔ جس کا سہرا ڈویژنل ہیڈ جناب افتخار احمد کے سر جاتا ہے۔ اے جی ایم جناب اکرام الحق نے بڑے خوبصورت انداز میں کلیمز پروسیسنگ اور ادائیگی کے طریقہ کار پر روشنی ڈالی، تربیتی پروگرام کے شرکا نے کلیمز پروسیسنگ کو مزید آسان اور بہتر بنانے کے حوالے سے مشورے دیئے جنہیں ڈویژنل ہیڈ نے توجہ سے سنا۔

جناب افتخار احمد نے ٹیم ورک اور لیڈر شپ کے موضوع پر لیکچر دیا جس میں انہوں نے کہا کہ ہر شخص کسی نہ کسی جگہ پر لیڈر ہوتا ہے۔ لیڈر کی خصوصیات پر روشنی ڈالتے ہوئے انہوں نے 5 ایسے طریقے بتائے جس سے لیڈر اپنی ٹیم کے ممبرز کی رہنمائی کر سکتا ہے۔

ڈی جی ایم، پی ایچ ایس جناب صفدر علی نے پالیسی ہولڈر سروس ڈیپارٹمنٹ کے پروسیسنگ کے طریقہ کار کو سمجھایا۔

زونل ہیڈ جناب ڈاکٹر سجاد حسن زیدی نے ملٹی ٹاسکنگ پر لیکچر دیا جس میں انہوں نے بتایا کہ انسان ایک وقت میں بہت سے کام سرانجام دے سکتا ہے۔ اس موقع پر جناب ڈاکٹر سجاد حسن زیدی نے انچارج ٹریننگ اکیڈمی جناب طارق محمود، ڈویژنل ہیڈ جناب افتخار احمد، جناب صفدر علی، جناب اکرام الحق اور تربیتی پروگرام کے شرکاء کا شکریہ ادا کیا کہ انہوں نے دلچسپی لے کر اس پروگرام کو خوبصورت بنایا۔

**رپورٹ: مظہر علی تبسم، گروپ اینڈ پینشنز لاہور زون**

# چیئرمین جناب نوید کامران بلوچ نے فیلڈ ورکر فیڈریشن کی درخواست پر نیو بزنس کے کوٹے میں عائد شرائط کو نرم کر دیا

اسٹرکچر 2000 کے نفاذ کے بعد اسکے قوانین کی ایک شق کے مطابق بزنس کا سالانہ کوٹہ 25 فیصد ہر تین سال کے بعد بڑھنا تھا جو 2013 تک مسلسل بڑھتا رہا جبکہ مذکورہ اسٹرکچر کے مطابق 10 سال بعد اس پر نظر ثانی بھی کرنا ضروری تھا لہٰذا فیلڈ ورکرز فیڈریشن نے سابقہ چیئرمین سے لاہور میں میٹنگ کی۔ (جس کا ذکر گزشتہ تحفظ شمارے میں تھا) اس کے بعد نئے چیئرمین نوید کامران بلوچ کے چارج سنبھالنے پر ڈویژنل ہیڈ مارکیٹنگ اظہر حسین کے ساتھ مل کر فیلڈ ورکرز فیڈریشن نے مذکورہ بزنس کوٹے کو کم کرنے کی جدوجہد تیز کردی۔ اس سلسلے میں صدر محمد اصغر، سیکریٹری جنرل آغا سہیل کامران خان، ایڈیشنل سیکریٹری جنرل ساجد محمود شیخ، سیکریٹری اطلاعات اسلم پرویز، سیکریٹری فنانس قمر بٹ اور ریجنل کوآرڈینیٹر راجہ مظفر حسین نے مارچ 2017 میں چیئرمین سے ملاقات کی انہوں نے توجہ سے ہماری گزارشات سنیں اور ان کے حل کے لئے وعدہ کیا۔

اس دوران فیلڈ فورس خاصے تذبذب اور بے چینی کا شکار رہی، ساتھ ساتھ ہمارے ڈویژنل ہیڈ مارکیٹنگ اظہر حسین نے مسلسل کاوشیں جاری رکھیں اور 29 جون 2017 کو فیلڈ ورکرز فیڈریشن اور ایریا منیجرز فیڈریشن کی مقامی قیادت کو پرنسپل آفس بلا کر کوٹے کی کمی کا خط دیا اس موقع پر عبدالغفار کپاڈیا بھی موجود تھے۔

صدر محمد اصغر اور سیکریٹری جنرل آغا سہیل کامران خان کراچی تشریف لائے اور بطور وفد ڈویژنل ہیڈ مارکیٹنگ، سیکریٹری اطلاعات اسلم پرویز، سیکریٹری فنانس قمر بٹ، ریجنل کوآرڈینیٹر راجہ مظفر حسین کے ہمراہ محترم چیئرمین سے ملاقات کرنے پرنسپل آفس آئے جہاں کارپوریشن، پالیسی ہولڈر، فیلڈ فورس، ERP سسٹم اور دیگر



فیلڈ ورکرز فیڈریشن کے صدر جناب محمد اصغر، چیئرمین اسٹیٹ لائف جناب نوید کامران بلوچ کو گلدستہ پیش کر رہے ہیں، تصویر میں جی ایم مارکیٹنگ جناب اظہر حسین بھی نمایاں ہیں

زیر التوا معاملات زیر غور آئے۔

واضح رہے کہ سالانہ بزنس کوٹے کے علاوہ پالیسی ہولڈرز پریمیئم پر واجب الادا ٹیکس کو 2 لاکھ سے 3 لاکھ پر کر دیا گیا ہے۔ اس کے علاوہ کوٹے کے اضافے کی وجہ سے کوارٹر کوٹے کے جو واجبات ادا نہیں کئے گئے وہ بھی ادا کئے جائیں گے۔

**رپورٹ: اسلم پرویز**
**سیکریٹری اطلاعات فیلڈ ورکرز فیڈریشن آف پاکستان**



جناب محمد اضغر فیلڈ ورکر فیڈریشن کے صدر اور ان کی ٹیم کے ساتھ چیرمین اسٹیٹ لائف جناب نوید کامران بلوچ کا گروپ فوٹو

# لاہور ویسٹرن زون کے کوالیفائرز کا دورۂ کراچی

لاہور ویسٹرن زون کے 32 افراد کانٹیسٹ کوالیفائی کر کے زونل سربراہ جناب ذوالفقار علی گیلانی کی سربراہی میں بذریعہ ہوائی جہاز کراچی تشریف لائے۔ ان لوگوں میں 12 لوگ براوو ایریا 2072 ننکانہ صاحب ایریا منیجر اظہر حسین کے تھے جنہوں نے 2016ء میں پاکستان میں نئے پروموٹ ہونے والے ایریا منیجرز



لاہور ویسٹرن کے کوالیفائر کا مزار قائد پر حاضری کے موقع پر فوٹو

میں نمبر ون پوزیشن حاصل کی تھی۔ ایئرپورٹ پر مارکیٹنگ ڈویژن کے منیجر جناب عبدالغفار کپاڈیہ نے اپنے دیگر عہدیداران کے ساتھ ان کا استقبال کیا۔

اسسٹنٹ منیجر ساؤتھ ریجن جناب عارف درویش نے شام کو مہمانوں کے اس قافلے کو سی ویو کی سیر کروائی جہاں تمام لوگوں نے خوب انجوائے کیا۔ مارکیٹنگ ڈویژن کے ڈویژنل ہیڈ جنرل منیجر جناب اظہر حسین نے شام کو سمندر کنارے واقع ہوٹل میں پرتکلف عشائیہ دیا۔

اگلے روز اس قافلے کو پرنسپل آفس کراچی کا دورہ کروایا گیا جہاں ڈویژنل ہیڈ مارکیٹنگ جناب اظہر حسین نے شرکاء کے ساتھ مختصر میٹنگ کی اور پھر ان لوگوں کو ایگزیکٹیو ڈائریکٹرز اور ڈویژنل ہیڈز سے ملوایا گیا بعد ازاں اس قافلے کو مزار قائد لے جایا گیا جہاں انہوں نے پھولوں کی چادر چڑھائی اور قائداعظم کے مزار پر حاضری دی وہاں قائداعظم کے استعمال میں رہنے والی چیزوں کو بھی دیکھا۔ شام



کراچی ایئرپورٹ پر آفیشیٹنگ اے جی ایم مارکیٹنگ جناب عبدالغفار کا آنے والے مہمانوں کے ساتھ گروپ فوٹو

کو یہ قافلہ ڈولفن شو دیکھنے پاکستان میری ٹائم میوزیم پہنچا جہاں شاندار ڈولفن شو دیکھ کر شرکاء بہت محظوظ ہوئے۔

رات کو اس قافلے نے شاندار کھانا پورٹ گرینڈ پر کھایا جہاں تمام لوگوں نے خوب ہلہ گلہ کیا اور رات کو واپس ہوٹل میں آ گئے تیسرے اور آخری دن ناشتے اور کھانے کے بعد شرکاء لاہور واپس چلے گئے۔

(تحفظ رپورٹ)

# جھنگ زون کے پاکستان میں ٹاپ کرنے پر ریجنل چیف فیصل آباد جناب خالد محمود شاہد کا ظہرانہ

جناب خالد محمود شاہد ریجنل چیف اسٹیٹ لائف انشورنس کارپوریشن فیصل آباد ریجن کی جھنگ زون کے کارپوریشن میں ٹاپ کرنے پر زونل سربراہ محمد اکبر مغل اور جھنگ زون کے ویژن 2020 میں شامل 77 سیلز منیجران کو ان کی ماہ مارچ 2017 میں بہترین کارکردگی پر فیصل آباد سرینا ہوٹل میں ایک شاندار ظہرانہ دیا گیا جس میں ریجنل چیف فیصل آباد جناب خالد محمود شاہد، زونل سربراہ جھنگ زون جناب محمد اکبر مغل، پاکستان کے ٹاپ ایریا منیجر جناب عدیل منظور اور جھنگ زون کے سیکٹر ہیڈز اور نمایاں ایریا منیجرز نے شرکت کی۔

تمام شرکاء محفل نے جھنگ زون کی ماہ مارچ 2017 کی کارکردگی کو سراہا اور ساتھ ہی ساتھ جھنگ زون کی آئندہ مہینوں میں بہترین کارکردگی کا عہد کیا۔ یہاں پر مارچ 2017 میں جھنگ زون اور مارکیٹنگ کی طرف سے اعلان کردہ 40 ٹیب موبائل کے لئے لکی ڈرا کا اہتمام کیا گیا اور جیتنے والے 40 خوش نصیبوں کے ناموں کا اعلان کیا گیا جس میں دس سیلز نمائندگان، دس سیلز آفیسرز، دس سیلز منیجرز اور دس ایریا منیجرز شامل تھے۔ آخر میں شاندار کارکردگی کے حامل سیلز منیجرز، ایریا منیجرز اور سیکٹر ہیڈز کو گلدستے پیش کئے گئے اور پر تکلف عشائیہ کا اہتمام بھی کیا گیا۔

**رپورٹ: ممتاز احمد سیال، انچارج زونل سربراہ سیکریٹریٹ**




ریجنل چیف جناب خالد محمود شاہد فیصل آباد ریجن بذریعہ لکی ڈرا 40 ٹیب کی قرعہ اندازی کر رہے ہیں ساتھ میں زونل سربراہ جھنگ زون محمد اکبر مغل بھی موجود ہیں



ریجنل چیف فیصل آباد جناب خالد محمود شاہد فیلڈ فورس سے خطاب کر رہے ہیں



زونل سربراہ جھنگ زون جناب محمد اکبر مغل تقریب سے خطاب کرتے ہوئے



پاکستان کے ٹاپ ایریا منیجر عدیل منظور تقریب سے خطاب کر رہے ہیں




سرینا ہوٹل فیصل آباد میں ایریا منیجر محمد یٰسین کا ریجنل چیف خالد محمود شاہد اور زونل سربراہ جھنگ زون محمد اکبر مغل کے ساتھ گروپ فوٹو

# تصویری خبرنامہ



چیئرمین اسٹیٹ لائف جناب نوید کامران بلوچ کے دورۂ الفا انشورنس کے موقع پر الفا انشورنس کے مینجنگ ڈائریکٹر جناب اعجاز علی خان، ایگزیکٹو ڈائریکٹر جناب اذکار خان، جناب راشد خان، ڈویژنل ہیڈ جناب اظہر حسین، جنرل منیجر آپریشن الفا انشورنس جناب محمد خالد شیخ اور ایچ آر ہیڈ جناب عمیر ستار ابڑو بھی موجود ہیں



جناب شعیب میر سابق چیرمین اسٹیٹ لائف نے چیرمین اسٹیٹ لائف جناب نوید کامران بلوچ سے پرنسپل آفس میں ملاقات کی



احمد اللہ خان، اسسٹنٹ منیجر سی ڈی اپنے بیٹے کے ہمراہ کونوکیشن کے موقع پر جنہوں نے گزشتہ دنوں امریکہ میں پی ایچ ڈی کی ڈگری حاصل کی




گیان چند ڈویژنل ہیڈ بینک اشورنس کے صاحبزادے جنہوں نے 22 ویں یو ایم اے چیف آف دانیول اسٹاف گولف چیمپئن شپ میں چار لاکھ روپے اور گاڑی جیتی



آرٹس کونسل کراچی میں محفل موسیقی کے موقع پر مہمان خصوصی ڈاکٹر عامد حسین مرزا، مارکیٹنگ ہیڈ جناب اظہر حسین کو اجرک پہناتے ہوئے

# اسٹیٹ لائف میدانِ عمل میں



اسلام آباد زون: سیکٹر ہیڈ سید امجد حسین کاظمی، مرحوم سیلز منیجر جبین مغل کی بیوہ کو مبلغ 42 لاکھ روپے کا گروپ انشورنس کو ریج چیک دیتے ہوئے، تصویر میں میڈم حلیمہ اختر، ایریا منیجر اور سیلز منیجر سید عدالت حسین کاظمی بھی نمایاں ہیں



زونل ہیڈ ساؤتھ جناب سعید خان، جناب اختر کو ہول لائف کی میچوریٹی کا چیک دیتے ہوئے



زونل سربراہ جھنگ زون 10 لاکھ 51 ہزار 250 روپے کا ڈیتھ کلیم چیک مرحوم کی بیوہ مقصودہ بی بی کو دے رہے ہیں،
سیکٹر ہیڈ نور محمد نوری، ایریا منیجر امان اللہ کنول، سیلز منیجر افضانہ بھی موجود ہیں



ننکانہ صاحب میں لاہور ویسٹرن زون کے ایریا منیجر اظہر حسین، سیلز منیجر اشرف نذیر اور سیلز آفیسر نصر اقبال، خالد محمود مرحوم کی بیوہ کو 4 لاکھ 30 ہزار روپے کا ڈیتھ کلیم چیک دے رہے ہیں مرحوم نے صرف 2 اقساط ادا کی تھیں



زونل ہیڈ ساؤتھ جناب سعید خان ڈیتھ کلیم کا چیک دیتے ہوئے

# Campaign on ARY Digital

The advertising campaign was aired during the Holy month of Ramazan on ARY TV Channel's most popular family show "JEETO PAKISTAN".

The sole purpose of this promotional campaign was to offer optimum projection to State Life Insurance Corporation of Pakistan.

In that game show following items were given as gifts:-

(01) One Honda City,

(02) Two Suzuki Mehran-2017,

(12) Twelve Super Power (LEO) Heavy Bikes (200CC) and

(18) Eighteen Cash Vouchers were given.

The icing on the cake was the prominent guest appearance of renowned show biz celebrities including Mehwish Hayat, actor & director Faisal Qureshi along with vibrant presenter/host Fahad Mustafa who promoted




State Life Insurance Corporation's brand. A game segment of 10 minutes was exclusively incorporate for State Life Insurance Corporation of Pakistan.

# Chand Raat/Eid TVC

The novel and vibrant promotional advertisement campaign was launched on all electronic channels on Chand Raat & on Eid Days.

The concept of that preview promo




was to inform general public that State Life's educational and insurance policy could also be of benefit in one's life time instead of after death of policy holder as is commonly believed. This was basically a new concept given to the viewers.

In this promo State Life ventured into a different and innovative idea and story line. Insurance has always been associated with benefit after death or sad life situation. But in this TVC State Life shows that insurance can also help mend relations and turn out to be a fruitful investment that proves its worth during one's lifetime.

The story is based on father and son relationship. The story centers around importance of family harmony and togetherness in festive Eid moments and how a sensible investment can bring happiness to the one's we hold dear.

The Eid and Chand Raat TVC got maximum viewership and also attained advertisement also got prominent viewing in degital media.



# 1st Regional Chief/Zonal Head Conference



1st Regional Chief/Zonal Head Conference was held in Pearl Continental Hotel, Karachi on Saturday 5th & 6th August, 2017 where Honorable Chairman Mr. Naveed Kamran Baloch was Chief Guest. The objective of event was to set Marketing Targets for all Regions and Zones of State Life Insurance Corporation of Pakistan. Approximately 50 participants attended the conference including Regional Chiefs and Zonal Heads.




This conference was organized by Marketing Division under the dynamic leadership of GM Marketing Mr. Azhar Hussain. In this conference, the Honorable Chairman praised the services of GM marketing and said that the marketing force is fortunate enough to have the GM of his caliber. He also lauded the dedication and commitment of GM marketing to the greater extent.

Chairman believed that since he took charge of chairman he has realized that State Life is State live" and since he affirmed that the concept of "Health Insurance" has been brought with great efforts, but its ultimate accomplishment would surely take time.

He observed that in life the principle of marketing is prominent concept of thinking in respect of corporation's growth and for that the merit plays the pivotal role for better marketing and such merit emerges from sheer hard work and true commitment based on real effort and effort is never wasted, he said. In this connection the Honorable Chairman also gave example of Vehari zone's performance as symbolic and referred the result as the sheer output of hard work and commitment.

The Chairman also emphasized that PHS is also one of the components of marketing Division and until and unless PHS Division would not support Marketing Division, things won't improve significantly. He briefed that after assuming charge of Chairman and his active interest in few cases of PHS with active consultation to Mr. Izqar Khan ED PHS things improved dramatically in terms of policies of surrendered cases.

The Chairman also highlighted the significant importance of the Digitalization era and upcoming role of Enterprise Resource Planning (E.R.P) and termed it as a policy decision. The chairman lauded the concept of merit and supported the problem solving approach with sheer meritocracy within the corporation.

He believed in team work and referred his competent team EDs, DHs, RCs, & Zonal Heads, especially in matters of your transfer and posting issues, where he categorically defended the opinion of merit and transparency. In the end, the Honorable Chairman was very pleased to appreciate the efforts for organizing Regional Chief/ Zonal Head Conference.

# تحفّظ

اسٹیٹ لائف انشورنس کارپوریشن کا جریدہ (صرف کارکنان کے لیے)

اگست 2017

اسٹیٹ لائف کی بیمہ پالیسی۔ ایک تابندہ روایت نسل درنسل

اسٹیٹ لائف

انشورنس کارپوریشن آف پاکستان


## سینیٹ کی اسٹینڈنگ کمیٹی کا دورۂ پرنسپل آفس



- جناب نوید کامران بلوچ نے اسٹیٹ لائف کے چیئرمین کا چارج سنبھال لیا
- اسٹیٹ لائف آفیسرز ایسوسی ایشن کے فیملی فنکشنز کا انعقاد
- سینیٹ کی اسٹینڈنگ کمیٹی کو بریفنگ
- ڈویژنل ہیڈ مارکیٹنگ کا ملتان میں کیش کاؤنٹر خانیوال کا افتتاح